تبصرے

سلسلۂ تعلیم بالغان کا سِٹ - شائع کردہ جامعہ ملیّہ دہلی - ہر حصہ کی قیمت ۱ر طباعت صاف ستھری کتابت جلی - ملنے کا پتہ: مکتبۂ جامعہ دہلی، لاہور، لکھنؤ -

جامعہ ملیّہ نے تعلیم بالغان کی اسکیم کے ماتحت ایک سٹ شائع کیا ہے. جس میں کے پہلے چار حصے اُردو کے قاعدوں پر مشتمل ہیں - یہ قاعدے تعلیم کے جدید نفسیاتی اصول پر لکھے گئے ہیں - جن سے وقت کم خرچ ہوتا ہے، اور مبتدی کچھ زیادہ بار محسوس کیے بغیر حروف کی شناخت حاصل کر لینے کے بعد عبارتوں اور جملوں کو پڑھ سکتا ہے - اِن کے بعد مختلف حصے عام معلومات سے متعلق ہیں، اکابر اسلام مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر صدیق رضؓ اور حضرت عمر رضؓ کی سوانح عمریاں، مذہبی عبادات و ارکان، جیسے نماز کی تعلیم، شہری معلومات میونسپلٹی اور ڈسٹرکٹ بورڈ وغیرہ کے انتظامات کا خاکہ، قومی گیت، قومی نظمیں، اچھی اچھی مفید حکایتیں، خط و کتابت سکھانے کے طریقے - غرض یہ ہے کہ ان میں سے ہر ایک پر چھوٹے چھوٹے ٹریکٹ ہیں - زبان بہت آسان اور عام فہم، انداز بیان صاف اور سلجھا ہوا - اور بالغ مبتدیوں کی ذہنی قابلیت کے مطابق ہے ہر صاحبِ نظر جانتا ہے کہ آج کل ملک کی ترقی اور اُس میں عام بیداری پیدا کرنے کے لیے اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ تعلیم بالغان کا کام منظم طریقہ پر نہایت زور شور کے ساتھ جاری کیا جائے - ہماری رائے میں اس مقصد کے لیے جامعہ کا یہ سٹ بہت مفید ہوگا - قومی انجمنوں اور اربابِ خیر حضرات کو چاہیے کہ اس سٹ کے نسخے بتعداد کثیر خرید کر اپنے اپنے حلقہائے اثر میں بالغ مبتدیوں کی ذہنی تربیت کے لیے تقسیم کریں

یادگار نصیر مرتبہ سید ظہیر الدین احمد صاحب علوی ایم اے لکچرر مسلم یونیورسٹی علیگڈھ - تقطیع $\frac{22\times18}{8}$ ضخامت ۲۴۲ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر قیمت مجلد ہے غیر مجلد عہ، پتہ:- شروانی پرنٹنگ پرس علیگڈھ